پریس ریلیز

MNA Dr. Ramesh Kumar Vankwani & the President ZTBL Sheikh Amanullah at the inauguration of ZTBL Bank's ATM at MirpurKhas.

میرپور خاص :09مارچ 2019: ملکی معیشت میں زراعت کی جو اہمیت ہے اس سے ہم سب باخبر ہیں اور ملکی برآمدات میں بھی زرعی شعبہ کا ایک بڑا اہم مقام ہے۔ صوبہ سندھ میں ZTBL کی اولین ATM کی میرپورخاص برانچ میں تنصیب کسانوں کے لئے ایک سہولت ہی نہیں بلکہ بہت بڑی نعمت بھی ہے اور اس ATM کے اہتمام اور آغاز کا سہرا بینک کے قائم مقام صدر شیخ امان اللہ اور انکی ٹیم کی کاوشوں کا ثمر ہے۔ یہ بات ڈاکٹر رمیش کمار ونکوانی ایم این اے نے آج یہاں ATM کا افتتاح کرتے ہوئے کہی۔

انہوں نے مزید کہا کہ حکومت پاکستان نے ملک میں مالیاتی شمولیت کو بڑھانے کے لئے اپنے 100 دنوں کے ایجنڈا سے میں قومی مالیاتی شمولیت کی حکمت عملی کو شامل کیا ہے۔جس کے تحت کمپیوٹرائزڈ طریقہ سے رقوم کی ادائیگی، ڈپازٹ اکٹھا کرنا، اسلامی بینکاری کا فروغ اور وئر ہاؤس رسید فنانسنگ کے لئے کولیٹرل مینجمنٹ کمپنیوں Collateral Management Companies کے دائرہ کار کو بڑھانے کے لئے قانونی اصلاحات نافذ کروانے جیسے اقدامات اٹھائے ہیں۔

مجھے یہ جان کر مسرت ہوئی کہ زرعی ترقیاتی بینک انتہائی موثر انداز سے بروقت ATM اور Debit Card کے اجراء اور اسلامی بینکاری جیسے اقدامات اٹھا رہا ہے۔ اور یہ اقدامات ملکی آبادی کے ایک بڑے حصے کے لئے مفید و معاون ثابت ہونگے کیونکہ ہماری بہت بڑی آبادی دیہات پر مشتمل ہے اور یقیناً یہ اقدامات اس بڑی آبادی کے لئے سودمند ثابت ہونگے کیونکہ وہ بینک کے نئے اقدامات میں شامل ہو کر اپنی زراعت سے متعلق ضروریات پوری کر سکیں گے اور امید کرتا ہوں کہ ATM کا آغاز زرعی سرمایہ کاری کی بنیادی اہمیت کو موثر انداز میں جلا بخشے گا اور چھوٹے کاشتکاروں کی خوشحالی میں اہم کردار ادا کرے گا اور خاص طور پر پسماندہ علاقوں میں تو ATM کی اہمیت اور بھی زیادہ محسوس ہوتی ہے۔ بینک اپنی (AAA/A-1+) کی ریٹنگ کو پچھلے پانچ سالوں سے برقرار رکھے ہوئے ہے جو کہ بینک کی کارکردگی اور مالی پوزشین مستحکم ہونے کا ثبوت ہے۔

اس سے قبل بینک کے صدر **شیخ امان اللہ** نے اپنے خطاب میں بتایا کہ ہم چھوٹے کسانوں کو زراعت سے متعلق بنیادی سہولتیں بہم پہنچانے کے لئے آج سندھ میں ATM کا آغاز کر رہے ہیں جس کے ذریعے چھوٹے کسان اپنی زرعی ضروریات بروقت حاصل کر کے اپنے لئے اور ملکی معیشت کی ترقی میں موثر کردار ادا کر سکیں گے۔ بینک کے صدر نے مزید کہا کہ بینک سالانہ تقریباً چار لاکھ کسانوں اور ان سے منسلک لوگوں کو زرعی شعبے میں قرضہ جات کی فراہمی بینکاری کی خدمات اور زرعی تکنیکی سہولیات بہم پہنچا رہا ہے۔ میں نے اور میری ٹیم نے بینک کی ترقی اور وصولیوں کے نظام کو موثر بنانے کے لئے دن رات خلوص نیت کے ساتھ کام کیا ہے تا کہ بینک مضبوط اور مستحکم مالی پوزیشن حاصل کر سکے اور الحمداللہ آج ہم اس میں کامیابی کی منازل طے کر رہے ہیں اس سلسلہ میں ذاتی طور پر میں نے نہ تو چھٹی کے دن آرام کیا اور کوئی لمحہ ضائع کئے بغیر بینک کی استعداد کار بڑھانے اور کسانوں کو سہولتیں ان کی دہلیز تک پہنچانے کے لئے تمام کوششیں بروئے کار لائے ہیں اور وزیر اعظم پاکستان کے نیا پاکستان اور تبدیلی کے ویژن کے مطابق زرعی ترقیاتی بینک کا بزنس ہیموٹ کا طریقہ کار اور بزنس ماڈل بھی 57 سال کے بعد ان اقدامات کی بدولت تبدیل ہو گیا ہے۔

مہمان خصوصی نے اپنے خطاب میں موجودہ بینک انتظامیہ کی تعریف کی اور انکی انتھک محنت اور کارکردگی کو سراہا۔

(سعد ضیاء) وائس پریذیڈنٹ (تعلقات عامہ) فون نمبر 0322-2222220